پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات،، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی-400001
فون:91 22 2266 0502 فیکس:91 22 22660358

23**دسمبر**2015

2005 سے پہلے کے بینک نوٹوں کو30 جون2016 تک ریزروبینک کے سبھی اشوآفسنر اور کچھ مخصوص بینکوں میں تبدیل کیا جاسکتا ہے

روبینک آف انڈیا نے نظرثانی کے بعد یہ طے کیا ہے کہ عوام کے لئے 2005 سے پہلے کے بینک نوٹوں کو تبدیل کرنے کی تاریخ کو 30 جون 2016 تک بڑھا دیا جائے۔ حالانکہ یہ سہولت صرف کچھ مخصوص بینک برانچوں میں(https://www.rbi.org.in./ regional branch) برائے مہربانی سینٹر کا نام شامل کریں اور ریزروبینک کے اشوآفیسر (https:www.rbi.org.in/Scripts/Regionaloffices.aspx)میں موجود ہوگی۔

ریزروبینک نے جون 2015 میں عوام کے لئے 2005 سے پہلے کے بینک نوٹوں کو بدلنے کی تاریخ 31 دسمبر 2015 رکھی تھی۔

عوام سے امید کی جاتی ہے کہ وہ سرکلیشن سے ان بینک نوٹوں کی واپسی میں تعاون کریں۔ اور ریزروبینک نے ان سے درخواست کی ہے کہ وہ 2005 سے پہلے کے بینک نوٹوں کو اس کے لئے مخصوص کی گئی بینک برانچوں یا ریزروبینک کے اشو دفتروں جہاں ان کو سہولت ہو سے تبدیل کرلیں۔

ریزروبینک نے یہ بھی وضاحت کی ہے کہ ایسے سبھی بینک نوٹوں کو لیگل ٹینڈر مانا جاتا رہے گا۔ ریزروبینک نے اس قدم کی وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مہاتما گاندھی سیریز کے بینک نوٹ گذشتہ ۱۰ سال سے سرکلیشن میں ہیں۔ ان پرانے بینک نوٹوں کی اکثریت کو بینک برانچوں کے ذریعہ پہلے ہی واپس لیا جاچکا ہے۔ لہذا یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ باقی بچے پرانے بینک نوٹوں کو بھی واپس لے لیا جائے۔ ریزروبینک نے یہ بھی اشارہ دیا ہے کہ یہ ایک بین الاقوامی معیاری پریکٹس ہے کہ ایک ہی وقت میں مختلف سیریز کے بینک نوٹوں کو سرکلیشن میں نہیں ہونا چاہئے۔ ریزروبینک اس پر برابر نگاہ رکھے گی اور اس طریقہ کار پر نظرثانی بھی کریگی تاکہ عوام کو کسی قسم کی پریشانی نہ ہو۔

الپنا کلہ والا

پرنسپل چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز1501/2015-2016

متعلقہ پریس ریلیز	
25جون 2015	ریزروبینک نے 2005 سے پہلے کے سیریز بینک نوٹوں کی واپسی کی تاریخ میں توسیع کی
23دسمبر 2014	اپنے بینک اکاؤنٹ میں 2005 سے پہلے کے بینک نوٹوں کو 30 جون 2015 سے پہلے جمع کریں۔ **ریزروبینک نے عوام سے اپیل کی**
03مارچ 2014	ریزروبینک نے 1 جنوری 2015 تک 2005 سے پہلے کے بینک نوٹوں کو بدلنے کی تاریخ میں توسیع کی
24جنوری 2014	2005 سے پہلے کے بینک نوٹوں کو واپس لینا ہے۔ ریزروبینک آف انڈیا کی وضاحت
22جنوری 2014	2005 سے پہلے کے جاری بینک نوٹوں کو واپس لیا جائے گا۔ ریزروبینک کی ایڈوائیزری